© rasailojaraid.com


امام بخاریؒ، امام شافعیؒ جیسے بزرگ لوگوں نے جابر حکمرانوں کے سامنے جو کردار پیش کیا، وہ علماء کے لیے بطورِ خاص اور ہر مسلمان کے لیے عموماً سبق آموز ہے۔

---

**تازیانۂ شیطان** از مولینا احمد سعید دہلوی۔ نظرِ ثانی از معراج محمد بارق۔
ناشر: قدیمی کتب خانہ، بالمقابل آرام باغ، کراچی۔ قیمت مجلد ۲۸/- روپے، پیپر بیک ۱۶/- روپے
کتاب وسنّت کی بنیاد پر شیطان کے کردار کا جائزہ لیا گیا ہے، نیز اہم روایتوں اور اقتباسات کی بنیاد پر دکھایا گیا ہے کہ شیطان انسان کو گمراہ کرنے کے لیے کس کس طرح کی چالیں چلتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ اولادِ آدم اس ازلی دشمن کے بارے میں متنبہ ہو اور اس کے طریقۂ واردات کو جانے اور اس سے بچنے کی تدبیریں کرے۔ شیطان کے مقابل میں خدا کی پناہ حاصل کرنے کے لیے بھی تعلیم دی گئی ہے۔ آخر میں نتیجۂ اطاعتِ رحمٰن اور ثمرۂ پیرویٔ نفس شیطان کے حقائق بصورتِ تقابل بیان کیے گئے ہیں۔

---

**لا تفرقوا** از جناب محمد ارشد آزاد۔ ناشر: دار التبلیغ جامع مسجد انوار مدینہ، گلبرگ ۳، لاہور۔ قیمت درج نہیں۔
اس تبلیغی پمفلٹ میں آیات، احادیث اور اشعار جمع کر کے اس پر زور دیا گیا ہے کہ مسلمانوں کو متحد ہونا چاہیے۔

---

**سرکاری نظامِ تعلیم میں تدریسِ عربی** جناب حافظ نذر احمد صاحب، پرنسپل شبلی کالج، لاہور
ناشر: تعلیم القرآن خط وکتابت اسکول، پوسٹ بکس نمبر ۱۷۱۲ – محمد نگر، لاہور ۳ قیمت درج نہیں
اس مختصر سے مقالے میں حافظ صاحب نے کمال کر دیا ہے کہ سرکاری اداروں میں عربی زبان کی تعلیمی رفتار کے اعداد وشمار کے ذریعے حالات کی دردناک تصویر کھینچ دی ہے۔
سارے صوبوں میں، ہر ایجوکیشن بورڈ کے تحت اور میٹرک، ایف اے، بی اے اور ایم اے

© rasailojaraid.com